Roll No.........................................

*Total No. of Questions* : **11**] [*Total No. of Printed Pages* : **4**

# EDE–365

## B.A./B.Ed. (IIIrd Year) Examination, 2021

## URDU

Paper – II (CC-1)

## (Novel, Afsana aur Drama)

*Time : 1½ Hours* ] [ *Maximum Marks : 60*

### SECTION–A

Answer all eight questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 8 × 2 = 16)**

(حصہ-الف)

سبھی 8 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

### SECTION–B

Answer all five questions. Each question has internal choice (Answer limit 200 words). Each question carries 4 marks. **(Marks : 5 × 4 = 20)**

(حصہ-ب)

سبھی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال داخلی انتخاب رکھتا ہے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

### SECTION–C

Answer any three questions out of five (Answer limit 500 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 3 × 8 = 24)**

(حصہ-ج)

5 میں سے کن ہی 3 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

## SECTION–A

## (حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں لکھئے۔تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

(i) نذیر احمد کے دو ناولوں کے نام لکھئے۔

(ii) ڈرامہ ''دروازے کھول دو'' کے دو کرداروں کے نام لکھئے۔

(iii) کرشن چندر کا سن پیدائش اور وطن تحریر کیجئے۔

(iv) راجیند رسنگھ بیدی کا کون سا افسانہ آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(v) منشی پریم چند کے دو افسانوں کے عنوان بتائیے۔

(vi) گھیسو اور مادھو کس کہانی کے کردار ہیں؟

(vii) ٹوبہ ٹیک سنگھ کے مصنف کا نام لکھئے۔

(viii) منٹو کا نام اور وطن تحریر کیجئے۔

## SECTION–B

## (حصہ-ب)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجئے۔ جواب 200 الفاظ سے زائد نہ ہو۔تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

2 پریم چند کی افسانہ نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

(یا)

افسانہ ''کالو بھنگی'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔

3 مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجیے۔

میں نہیں جانتا کہ غدر کے بارے میں گورنمنٹ کی کیا رائے ہوگی مگر باوجودیکہ غدر سے مجھ کو بڑی بڑی تکلیفیں پہنچی ہیں۔ ولایت جانے سے رہا۔ میرے اعزا واحباب نے مجھے مرا ہوا فرض کر کے خدا جانے اپنا کیا حال کیا ہوگا۔ میں زخمی ہوا، میری زندگی معرض تلف میں رہی۔ میری گیارہ برس کی کمائی سب برباد ہوئی۔ تین مہینے ہونے کو آئے کہ میں بیکار محض پڑا سڑتا ہوں اور ابھی معلوم نہیں کہ کب تک یونہی پڑا سڑوں گا۔ مجھ کو اپنے یگانوں اور دوستوں کے مرنے جینے کی مطلق خبر نہیں، اور یہ بھی خبر نہیں کہ اس ہنگامے کے فرو ہونے تک کیا کیا ایذائیں اور مصیبتیں پیش آنے والی ہیں۔ باوجود ان تمام صدمات کے میں اس ملک کے لوگوں کو سب کو نہیں تو اکثر کو کسی قدر معذور بھی سمجھتا ہوں۔ میرے نزدیک غدر ایک شورش جاہلانہ ہے۔ ہندوستانی فوج نے سرکاری قوت کا اندازہ کرنے میں غلطی کی۔ انھوں نے سمجھا کہ یہ ملک کمپنی بہادر نے ہماری مدد سے سر کیا ہے اور ہماری مدد سے اس ملک پر قابض ہے۔

(یا)

اردو میں افسانہ نگاری کے آغاز وارتقاء کا جائزہ پیش کیجیے۔

4 نذیر احمد کی ناول نگاری کا جائزہ پیش کیجیے۔

(یا)

کرشن چندر کی ڈرامہ نگاری کا تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔

5 رام دیال کے کردار کے محاسن و معائب پر روشنی ڈالئے۔

(یا)

سعادت حسن منٹو کی افسانہ نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

6 راجیند ر سنگھ بیدی کی افسانہ نگاری کا تنقیدی جائزہ پیش کیجئے۔

(یا)

افسانے کے اجزائے ترکیبی پر تفصیلی روشنی ڈالئے۔

## SECTION–C

## (حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کن ہی تین (3) سوالوں کے جواب پانچ سو (500) الفاظ میں تحریر کیجئے۔سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

7 ناول کے اجزائے ترکیبی کی وضاحت کیجئے۔

8 اردو میں ناول نگاری کے آغاز و ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

9 اردو میں ڈرامہ نگاری کے فن پر سیر حاصل تبرہ کیجئے۔

10 پریم چند کے افسانہ ''کفن'' کا فنی تجزیہ کیجئے۔

11 افسانہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کی روشنی میں سعادت حسن منٹو کی کردار نگاری کا تجزیہ پیش کیجئے۔